**SET-4**

**Series ЄABAЄ**

کوڈ Q.P.
**Q.P. Code 258**

رول نمبر
Roll No.

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **5** ہے۔
- سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **13** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **5** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **13** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# ہوم سائنس

# HOME SCIENCE
## (Urdu Version)

وقت : 2 گھنٹے
*Time allowed : 2 hours*

کل نمبر: 35
*Maximum Marks : 35*



ZOLLEGE.in

**عام ہدایات :**

مندرجہ ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے۔

(i) **سبھی** سوالات لازمی ہیں۔

(ii) اس سوال نامے میں کل **13** سوالات ہیں۔

(iii) سوال نامے کو تین سیکشن **B,A** اور **C** میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(iv) **سیکشن A** میں **7** سوالات (**1** تا **7**) ہیں۔ ہر سوال **2** نمبر کا ہے۔

(v) **سیکشن B** میں **3** سوالات (**8** تا **10**) ہیں۔ ہر سوال **3** نمبر کا ہے۔

(vi) **سیکشن C** میں **3** سوالات (**11** تا **13**) ہیں۔ ہر سوال **4** نمبر کا ہے۔

(vii) کچھ سوالوں میں اندرونی اختیار دیا گیا ہے۔

## سیکشن۔A

**1.** سلائی مشین کی ایجاد نے دست کاری کو ایک صنعت میں تبدیل کر دیا۔ پاؤں سے چلائی جانے والی سلائی مشین (فوٹ ٹریڈل) کی ایجاد کس نے کی اور کس سن میں کی؟ 2



ZOLLEGE.in

2. ترقیاتی ترسیل (Development Communication) میں ریڈیو اور ٹیلی ویژن کی اہمیت کو بیان کیجیے۔ 2

3. (a) شریمتی گپتا اپنا بوٹیک کھولنا چاہتی ہیں۔ انھیں ڈیزائن کے کوئی چار اصولوں کے وہ نام بتایئے جن سے انھیں کپڑوں کو ڈیزائن کرنے میں مدد ملے گی۔ 2

یا

(b) رینو قدرتی (فطری) رنگوں کا استعمال کر کے اپنے لیے ایک ڈریس (پوشاک) بنانا چاہتی ہے۔ ان رنگوں کا دوسرا نام کیا ہے؟ فطری رنگوں کی تین مثالیں بھی دیجیے۔ 2

4. اپنی والدہ کو کپڑوں کی دھلائی کا طریقہ 'پلسیشن' سمجھایئے۔ 2

5. (a) ہریا ایک خاتون مزدور ہے۔ اسے زمینی سطح پر خواتین سے وابستہ یونین 'SEWA' کا پورا نام بتایئے۔ اس کے دو مقاصد بھی بیان کیجیے۔ 2

یا

(b) اپنی بہن کو اطلاعاتی و مواصلاتی ٹیکنالوجی (ICT) کا مفہوم واضح کیجیے اور اس کے دو فائدے بتایئے۔ 2

6. ہوٹل (Hotel) اور موٹل (Motel) کے درمیان فرق لکھیے۔ 2

7. مندرجہ ذیل کی وجہ بیان کیجیے :

اشیا کی خریداری کرتے وقت ہمیں معیار سے متعلق نشانات/علامات کی جانچ ضرور کرنی چاہیے۔ 2



ZOLLEGE.in

## سیکشن۔B

**8.** (a) فیشن کی خوردہ تنظیم (فیشن ریٹیل آرگنائزیشن) کی تین اقسام کی وضاحت کیجیے۔ 3

**یا**

(b) شویتا ایک انٹیریر ڈیزائنر بننا چاہتی ہے :

(i) اس پیشہ میں اسے کون کون سے کام انجام دینے ہوں گے ؟

(ii) اسے فیشن ڈیزائن میں روزگار کے کوئی دو دیگر مواقع تجویز کیجیے۔ 3

**9.** کپڑوں سے پانی نچوڑنے کے کوئی دو طریقے بیان کیجیے۔ واشنگ مشین میں ٹب کے اسپننگ کی مناسب ترین رفتار کتنی ہوتی ہے؟ 3

**10.** رمیش ترقیاتی صحافت (Development Journalism) کا کورس کرنا چاہتا ہے۔ اسے اس کورس کے امکانات (Scope) اور اس میں روزگار کے کوئی تین مواقع کے بارے میں سمجھائیے۔ 3

## سیکشن۔C

**11.** نکیتا ایک فیشن ڈیزائنر ہے :

(a) وہ اپنے لیے تتمی کلر اسکیم (Complementary Colour Scheme) کے ذریعے ساڑی بلاؤز ڈیزائن کرنا چاہتی ہے۔ اس کلر اسکیم کو سمجھائیے اور کوئی ایک مناسب مثال بھی دیجیے۔

(b) وہ اپنی سہیلی کے لیے کرتا ڈیزائن کر رہی ہے جس کا پیٹ باہر نکلا ہوا ہے۔ ڈیزائن کے عناصر کا استعمال کرتے ہوئے اُسے دو طریقے تجویز کیجیے جن کی مدد سے وہ مرکزی نقطہ کو پیٹ سے دور کر سکے۔ اپنے جواب کے لیے مناسب ڈائیگرام بنائیے۔ 2+2=4

**صرف بصارت سے محروم طلبا کے لیے :**

ڈائیگرام بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔



ZOLLEGE.in

**12.** (a) ہوٹل کے ہاؤس کیپنگ ڈپارٹمنٹ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے اسے کئی حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ان میں سے کوئی چار حصوں (سیکشن) کے نام بتایئے۔ ہاؤس کیپنگ ڈپارٹمنٹ میں بطور ایگزیکیوٹیو ہاؤس کیپر کے کوئی دو کام بتایئے۔ *4*

**یا**

(b) آپ کے بھائی کی حال ہی میں ایک ہوٹل کے غذا اور مشروبات کے شعبہ میں تقرری ہوئی ہے۔ غذا اور مشروبات کے شعبہ سے متعلق کوئی دو خدماتی شعبوں کے نام بتایئے اور ان پر مختصراً بحث کیجیے۔ *4*

**13.** (a) آپ کے پڑوس کا کرانہ بیوپاری کون سے دو غلط طریقوں سے صارفین کے ساتھ دھوکہ دہی کر سکتا ہے؟

(b) اس ضمن میں ایک بیدار صارف کے طور پر آپ کے دو حقوق کون سے ہیں؟

(c) بوتل بند پینے کے پانی کو خریدتے وقت آپ کو بوتل پر کون سا معیاری نشان دیکھنا چاہیے۔اس کا ڈائیگرام بنایئے۔ *2+1+1=4*

**صرف بصارت سے محروم طلبا کے لیے :**

(c) صرف معیاری نشان کا نام لکھیے۔ تصویر بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔



ZOLLEGE.in